سوال

(76) سور کے گوشت کی خرید فروخت کی شرعی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسلمان شخص سور کا گوشت بیچتا ہے۔ جو ولائت سے ٹین میں رکھ کر خوبصورت لیبل سے مزین ہو کر آتا ہے۔ اور یوں بھی گوشت بقر وغیرہ ماکول اللحم جو وہاں سے ٹینوں میں بند ہو کر آتا ہے۔ خرید و فروخت جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سور کے گوشت کا اگر یقین ہے تو مسلمان کو اس کی بیع جائز نہیں مشکوک حالت میں بھی یہی پرہیز واجب ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔ من اتقی الشبہات فقد استبراء لدینہ

جو شبہات سے بچے گا وہ اپنا دین بچالے گا۔

(فتاوی ثنائیہ۔ جلد 2 صفحہ 452)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 86